تبصرے

امین الصیغہ از مولانا ابو عبیدہ صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸؍ پتہ :۔ امین بک ڈپو۔ پیلی کوٹھی۔ بنارس۔ یوپی۔

علم الصیغہ فارسی زبان میں عربی علم الصرف کا مشہور رسالہ ہے اس کے مصنف مولانا مفتی عنایت احمد صاحب رح اپنے زمانہ کے صرف مشہور فاضل اور مختلف علومِ دینیہ وعصریہ کے جید عالم و متبحر ہی نہیں بلکہ بلند پایہ مجاہد بھی تھے اور اسی جہاد فی سبیل الوطن کی پاداش میں انڈمان میں نظر بند کر دئے گئے تھے، چنانچہ یہ رسالہ بھی موصوف نے اسی زمانۂ نظر بندی میں لکھا تھا۔ ۱۲۷۹ھ میں ۱۵ برس کی عمر میں جدہ کے قریب جہاز کو جس میں مولانا رہائی کے بعد وطن آنے کے لئے سفر کر رہے تھے سخت حادثہ پیش آیا اور مولانا نے غرق ہو کر جام شہادت نوش فرمایا۔ مولانا کے علم الصیغہ کو وہ مقبولیت حاصل ہوئی کہ کوئی مدرسہ عربیہ اس کے درس سے خالی نہ ہوگا۔ چونکہ آج کل فارسی زبان کا ذوق مفقود ہوتا جاتا ہے اس لئے مولانا ابو عبیدہ صاحب نے اس کو اردو کا جامہ پہنا دیا ہے تاکہ فقط اردو خواں بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ترجمہ بہت صاف سلیس اور عام فہم ہے شروع میں مترجم کے قلم سے اصل مصنف کتاب کے حالات اور اُن کے علمی کمالات کا ذکر ہے امید ہے کہ ضرورت مند اصحاب اُس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

۱۔ ننھا سردار
۲۔ اصحاب کہف
۳۔ بھٹکا ہوا شکاری
۴۔ معمل زر
۵۔ سونے کا دریا

از مولانا عبید الحق صاحب ضخامت از ۳۰ تا ۴۶ کتابت وطباعت اعلیٰ تقطیع خورد قیمت ۶؍ پتہ :۔ الملکیتہ العلمیہ ۱۵۔ لیک روڈ۔ لاہور۔ دار المعارف مصر نے بچوں کے لئے اخلاقی اور مفید کہانیوں کا ایک مفید سلسلہ چھاپا ہے جس کو عربی زبان کے تین ادیبوں نے مرتب کیا ہے۔ یہ پانچوں رسالے انھیں عربی رسالوں کا اردو ترجمہ ہیں۔ ترجمہ سلیس اور عام فہم ہے جس کو بچے آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ اور حکایات سب اخلاقی بھی ہیں اور بچوں